© rasailojaraid.com



# مولانا زاہد الراشدی کا سفر بنگلہ دیش و دوبئی

'الشریعہ' کے رئیس التحریر مولانا زاہد الراشدی نے ۲۹ دسمبر ۲۰۰۳ء سے ۱۰ جنوری ۲۰۰۴ء تک دوبئی اور بنگلہ دیش کا دورہ کیا اور دوبئی، شارجہ، ابوظبی، ڈھاکہ، چاٹگام، سلہٹ، سونام گنج اور دیگر مقامات پر متعدد اجتماعات سے خطاب کیا۔ ورلڈ اسلامک فورم کے چیئرمین مولانا محمد عیسیٰ منصوری بھی اس دورہ میں ان کے ساتھ شریک تھے۔ مولانا راشدی کے قلم سے اس دورہ کی تفصیلی رپورٹ اور تاثرات 'الشریعہ' کے آئندہ شمارے میں شائع کیے جائیں گے۔

## مولانا محمد عیسیٰ منصوری کی گوجرانوالہ تشریف آوری

ورلڈ اسلامک فورم کے چیئرمین مولانا محمد عیسیٰ منصوری ۲۱ جنوری ۲۰۰۴ء کو گوجرانوالہ تشریف لائے اور الشریعہ اکادمی میں اساتذہ وطلبہ کی ایک نشست سے فکر انگیز خطاب کے علاوہ مدرسہ نصرۃ العلوم اور دیگر اداروں کا دورہ کیا۔ ان کے دورہ کی رپورٹ 'الشریعہ' کے آئندہ شمارے میں پیش کی جا رہی ہے۔ ان شاء اللہ العزیز

## حافظ ظفر یاسین بٹ انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

گکھڑ کی معروف سماجی شخصیت اور معارف اسلامیہ اکادمی کے سیکرٹری جنرل حافظ ظفر یاسین بٹ گزشتہ روز انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ان کی نماز جنازہ مولانا زاہد الراشدی نے پڑھائی جس میں ہر طبقہ کے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مرحوم جمعیۃ طلباء اسلام پاکستان کے سرگرم راہ نماؤں میں شامل رہے اور انہوں نے متعدد دینی تحریکات میں بھرپور کردار ادا کیا۔ وہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم کے معتمد ساتھیوں اور مولانا زاہد الراشدی کے قریبی دوستوں میں شمار ہوتے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائیں، کروٹ کروٹ جنت نصیب کریں اور جملہ پس ماندگان کو صبر جمیل کی توفیق سے نوازیں۔ آمین یا رب العالمین۔



© rasailojaraid.com